القرآن الكريم

سُورَةُ البَقَرَة

سُورَةُ يسٓ

لفظی اور بامحاورہ ترجمہ

By Shehla Rani
HAQUE
Coaching and Consulting
00966 503 370483

﴿ سُورَةُ يسٓ ﴾

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

يسٓ ١ وَٱلۡقُرۡءَانِ ٱلۡحَكِيمِ ٢ إِنَّكَ لَمِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ٣ عَلَىٰ صِرَٰطٖ مُّسۡتَقِيمٖ ٤

عَلَىٰ صِرَٰطٖ مُّسۡتَقِيمٖ ٤	لَمِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ٣	إِنَّكَ	ٱلۡقُرۡءَانِ ٱلۡحَكِيمِ ٢	وَ	يسٓ ١
راہ راست پر ہیں	البتہ رسولوں میں سے ہیں	بیشک آپؐ	حکمت والے قرآن کی	قسم ہے	یسٓ
یسٓ قسم ہے حکمت والے قرآن کی بیشک آپؐ البتہ رسولوں میں سے ہیں راہ راست پر ہیں					

تَنزِيلَ ٱلۡعَزِيزِ ٱلرَّحِيمِ ٥ لِتُنذِرَ قَوۡمٗا مَّآ

مَّآ	قَوۡمٗا	لِتُنذِرَ	ٱلرَّحِيمِ ٥	ٱلۡعَزِيزِ	تَنزِيلَ
کہ نہیں	اس قوم کو	تاکہ آپؐ ڈرائیں	خوب رحم کرنے والے کا	نہایت غالب	اتارا ہوا ہے
نہایت غالب خوب رحم کرنے والے کا اتارا ہوا ہے۔ تاکہ آپؐ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اس قوم کو ڈرائیں					

أُنذِرَ ءَابَآؤُهُمۡ فَهُمۡ غَٰفِلُونَ ٦ لَقَدۡ حَقَّ

حَقَّ	لَقَدۡ	غَٰفِلُونَ ٦	فَهُمۡ	ءَابَآؤُهُمۡ	أُنذِرَ
ثابت ہو گئی	یقیناً	غافل ہیں	لہذا وہ	ان کے باپ دادا	ڈرائے گئے
کہ نہیں ڈرائے گئے ان کے باپ دادا لہذا وہ غافل ہیں۔ یقیناً ان کی اکثریت پر اللہ کی بات ثابت ہو گئی					

ٱلۡقَوۡلُ عَلَىٰٓ أَكۡثَرِهِمۡ فَهُمۡ لَا يُؤۡمِنُونَ۝٧ إِنَّا جَعَلۡنَا

ٱلۡقَوۡلُ	عَلَىٰٓ أَكۡثَرِهِمۡ	فَهُمۡ	لَا يُؤۡمِنُونَ۝٧	إِنَّا	جَعَلۡنَا
بات (اللہ کی)	ان کی اکثریت پر	لہٰذا وہ	ایمان نہیں لائینگے	بیشک ہم نے	ڈال دیئے

لہٰذا وہ ایمان نہیں لائینگے۔ بیشک ہم نے اُن کی گردنوں میں طوق ڈال دیئے۔

فِيٓ أَعۡنَٰقِهِمۡ أَغۡلَٰلٗا فَهِيَ إِلَى ٱلۡأَذۡقَانِ فَهُم مُّقۡمَحُونَ۝٨

فِيٓ أَعۡنَٰقِهِمۡ	أَغۡلَٰلٗا	فَهِيَ	إِلَى ٱلۡأَذۡقَانِ	فَهُم	مُّقۡمَحُونَ۝٨
اُن کی گردنوں میں	طوق	سو وہ	ان کی ٹھوڑیوں تک (پہنچ رہے ہیں)	چنانچہ وہ	سر اُوپر کو اٹھائے ہوئے ہیں

سو وہ ان کی ٹھوڑیوں تک (پہنچ رہے ہیں) چنانچہ وہ سر اُوپر کو اٹھائے ہوئے ہیں۔

وَجَعَلۡنَا مِنۢ بَيۡنِ أَيۡدِيهِمۡ سَدّٗا وَمِنۡ خَلۡفِهِمۡ سَدّٗا

وَجَعَلۡنَا	مِنۢ بَيۡنِ أَيۡدِيهِمۡ	سَدّٗا	وَ	مِنۡ خَلۡفِهِمۡ	سَدّٗا
اور ہم نے بنادی	ان کے سامنے	ایک دیوار	اور	ان کے پیچھے	ایک دیوار

اور ہم نے ان کے سامنے اور ان کے پیچھے ایک دیوار بنادی

فَأَغۡشَيۡنَٰهُمۡ فَهُمۡ لَا يُبۡصِرُونَ۝٩ وَسَوَآءٌ عَلَيۡهِمۡ ءَأَنذَرۡتَهُمۡ

فَأَغۡشَيۡنَٰهُمۡ	فَهُمۡ	لَا يُبۡصِرُونَ۝٩	وَسَوَآءٌ	عَلَيۡهِمۡ	ءَأَنذَرۡتَهُمۡ
پھر ہم نے ڈھانک دیا ان (کی آنکھوں) کو	لہٰذا وہ	نہیں دیکھتے	اور برابر ہے	ان پر	کہ آپؐ ان کو ڈرائیں

پھر ہم نے ان کی آنکھوں کو ڈھانک دیا لہٰذا وہ نہیں دیکھتے۔ اور (اے نبی ﷺ) ان کے حق میں برابر ہے

أَمۡ لَمۡ تُنذِرۡهُمۡ لَا يُؤۡمِنُونَ ۝١٠ إِنَّمَا

أَمۡ	لَمۡ	تُنذِرۡهُمۡ	لَا	يُؤۡمِنُونَ ۝١٠	إِنَّمَا
یا	نہیں	آپؐ ان کو ڈرائیں	نہیں	وہ ایمان لائینگے	بس
خواہ آپؐ ﷺ انہیں خبردار کریں یا نہ کریں یہ ایمان نہیں لائینگے۔					

تُنذِرُ مَنِ ٱتَّبَعَ ٱلذِّكۡرَ وَخَشِيَ ٱلرَّحۡمَٰنَ

تُنذِرُ	مَنِ	ٱتَّبَعَ	ٱلذِّكۡرَ	وَخَشِيَ	ٱلرَّحۡمَٰنَ
آپؐ توڈراسکتے ہیں	اس شخص کو جو	پیروی کرے	نصیحت (قرآن) کی	اور ڈرے	رحمن سے
آپؐ تو صرف اسی شخص کو خبردار کرسکتے ہیں جو الذکر (قرآن) کی پیروی کرے اور بن دیکھے رحمن سے ڈرے۔					

بِٱلۡغَيۡبِۖ فَبَشِّرۡهُ بِمَغۡفِرَةٖ وَأَجۡرٖ كَرِيمٍ ۝١١ إِنَّا نَحۡنُ

بِٱلۡغَيۡبِۖ	فَبَشِّرۡهُ	بِمَغۡفِرَةٖ	وَأَجۡرٖ كَرِيمٍ ۝١١	إِنَّا	نَحۡنُ
بن دیکھے	پس آپؐ اس کو خوشخبری دے دیجیے	مغفرت کی	اور عزت والے رزق کی	بیشک	ہم ہی
تو ایسے لوگوں کو آپؐ ﷺ خوشخبری دے دیجیے مغفرت اور عزت والے رزق کی۔					

نُحۡيِ ٱلۡمَوۡتَىٰ وَنَكۡتُبُ مَا قَدَّمُواْ وَءَاثَٰرَهُمۡۚ

نُحۡيِ	ٱلۡمَوۡتَىٰ	وَنَكۡتُبُ	مَا	قَدَّمُواْ	وَءَاثَٰرَهُمۡۚ
زندہ کرتے ہیں	مُردوں کو	اور ہم لکھتے ہیں	اسے جو (عمل)	وہ آگے بھیجتے ہیں	اور ان کے آثار (نقش قدم) بھی
بیشک ہم ہی مُردوں کو زندہ کرتے ہیں اور ہم لکھتے ہیں جو کچھ انہوں نے آگے بھیجا اور جو اثرات وہ پیچھے چھوڑتے ہیں					

وَكُلَّ شَيۡءٍ أَحۡصَيۡنَٰهُ فِيٓ إِمَامٖ مُّبِينٖ ١٢ وَٱضۡرِبۡ لَهُم مَّثَلًا

وَكُلَّ شَيۡءٍ	أَحۡصَيۡنَٰهُ	فِيٓ إِمَامٖ مُّبِينٖ ١٢	وَٱضۡرِبۡ	لَهُم	مَّثَلًا
اور ہر چیز	ہم نے محفوظ کر رکھا ہے	ایک واضح کتاب میں	اور آپ بیان کیجیے	ان کے لیے	ایک مثال

اور ہر چیز کو ہم نے ایک واضح کتاب میں محفوظ کر رکھا ہے۔ان کے لیے آپ ﷺ اُس بستی والوں کی مثال بیان کیجیے

أَصۡحَٰبَ ٱلۡقَرۡيَةِ إِذۡ جَآءَهَا ٱلۡمُرۡسَلُونَ ١٣ إِذۡ أَرۡسَلۡنَآ

أَصۡحَٰبَ ٱلۡقَرۡيَةِ	إِذۡ	جَآءَهَا	ٱلۡمُرۡسَلُونَ ١٣	إِذۡ	أَرۡسَلۡنَآ
بستی والوں کی	جب	آئے اس بستی میں	(اللہ کے) بھیجے ہوئے	جب	ہم نے بھیجے

جبکہ ان کے پاس رسول آئے۔

إِلَيۡهِمُ ٱثۡنَيۡنِ فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزۡنَا بِثَالِثٖ فَقَالُوٓاْ

إِلَيۡهِمُ	ٱثۡنَيۡنِ	فَكَذَّبُوهُمَا	فَعَزَّزۡنَا	بِثَالِثٖ
ان کی طرف	دو (رسول)	تو انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا	پھر ہم نے ان کو تقویت دی	تیسرے کے ساتھ

جب ہم نے اُن کی طرف دو رسول بھیجے تو انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا پھر ہم نے ان کو تیسرے کے ساتھ تقویت دی

فَقَالُوٓاْ إِنَّآ إِلَيۡكُم مُّرۡسَلُونَ ١٤ قَالُواْ مَآ

فَقَالُوٓاْ	إِنَّآ	إِلَيۡكُم	مُّرۡسَلُونَ ١٤	قَالُواْ	مَآ
چنانچہ انہوں نے کہا	بیشک ہم	تمھاری طرف	بھیجے گئے ہیں	انہوں نے کہا	نہیں ہو

چنانچہ انہوں نے کہا بیشک ہم تمھاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا

أَنتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَمَآ أَنزَلَ

أَنتُمْ	إِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُنَا	وَمَآ	أَنزَلَ
تم	مگر	بشر ہی	ہم جیسے	اور نہیں	نازل کی
تم تو ہماری ہی طرح کے انسان ہو					

ٱلرَّحْمَٰنُ مِن شَىْءٍ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ ١٥

ٱلرَّحْمَٰنُ	مِن شَىْءٍ	إِنْ	أَنتُمْ	إِلَّا	تَكْذِبُونَ ١٥
رحمٰن نے	کوئی چیز	نہیں ہو	تم	مگر	جھوٹ بولتے
اور رحمٰن نے کوئی چیز نازل نہیں کی 'تم محض جھوٹ بول رہے ہو۔					

قَالُوا۟ رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّآ إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ١٦

قَالُوا۟	رَبُّنَا	يَعْلَمُ	إِنَّآ	إِلَيْكُمْ	لَمُرْسَلُونَ ١٦
انہوں نے کہا	ہمارا رب	جانتا ہے	بیشک ہم	تمھاری ہی طرف	البتہ بھیجے گئے ہیں
انہوں نے کہا ہمارا رب جانتا ہے بیشک ہم تمھاری ہی طرف بھیجے گئے ہیں۔					

وَمَا عَلَيْنَآ إِلَّا ٱلْبَلَٰغُ ٱلْمُبِينُ ١٧ قَالُوٓا۟

وَمَا	عَلَيْنَآ	إِلَّا	ٱلْبَلَٰغُ	ٱلْمُبِينُ ١٧	قَالُوٓا۟
اور نہیں ہے	ہم پر	مگر	پہنچا دینا	واضح	انہوں نے کہا
اور نہیں ہے ہم پر کوئی اور ذمہ داری سوائے (اللہ کا پیغام) صاف صاف پہنچا دینے کے۔ انہوں نے کہا					

إِنَّا تَطَيَّرۡنَا بِكُمۡۖ لَئِن لَّمۡ تَنتَهُواْ

إِنَّا	تَطَيَّرۡنَا	بِكُمۡۖ	لَئِن	لَّمۡ	تَنتَهُواْ
ہم نے تو	نامبارک خیال کیا ہے	تمھیں	البتہ اگر	تم نہ	باز آئے

کہ ہمیں تم سے نحوست کا اندیشہ ہے اگر تم باز نہ آئے

لَنَرۡجُمَنَّكُمۡ وَلَيَمَسَّنَّكُم مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيمٞ ١٨ قَالُواْ

لَنَرۡجُمَنَّكُمۡ	وَلَيَمَسَّنَّكُم	مِّنَّا	عَذَابٌ	أَلِيمٞ ١٨	قَالُواْ
تو ہم تمھیں ضرور سنگسار کر دینگے	اور البتہ تمھیں ضرور پہنچے گی	ہماری طرف سے	سزا	دردناک	انہوں نے کہا

تو ہم تمھیں ضرور سنگسار کر دینگے اور البتہ تمھیں ضرور پہنچے گی ہماری طرف سے دردناک سزا۔ انہوں نے کہا

طَٰٓئِرُكُم مَّعَكُمۡ أَئِن ذُكِّرۡتُمۚ بَلۡ أَنتُمۡ

طَٰٓئِرُكُم	مَّعَكُمۡ	أَئِن	ذُكِّرۡتُمۚ	بَلۡ
تمھاری نحوست	تمھارے ساتھ ہے (جو تمھاری ہی وجہ سے ہے)	کیا اگر	تم نصیحت کیے جاؤ (تو کیا نحوست ہے)	بلکہ

کہ تمھاری نحوست تو تمھارے اپنے ساتھ ہے کیا اس کو تم نحوست سمجھتے ہو کہ تمھیں نصیحت کی جائے

قَوۡمٞ مُّسۡرِفُونَ ١٩ وَجَآءَ مِنۡ أَقۡصَا ٱلۡمَدِينَةِ رَجُلٞ يَسۡعَىٰ

قَوۡمٞ	مُّسۡرِفُونَ ١٩	وَجَآءَ	مِنۡ أَقۡصَا ٱلۡمَدِينَةِ	رَجُلٞ	يَسۡعَىٰ
تم لوگ ہی ہو	حد سے بڑھنے والے	اور آیا	شہر کے دور دراز کے مقام سے	ایک آدمی	دوڑتا ہوا

بلکہ تم حد سے نکل جانے والے لوگ ہو۔ اور ایک آدمی شہر کے دور دراز کے مقام سے دوڑتا ہوا آیا

قَالَ يَٰقَوۡمِ ٱتَّبِعُواْ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ﴿٢٠﴾ ٱتَّبِعُواْ مَن

قَالَ	يَٰقَوۡمِ	ٱتَّبِعُواْ	ٱلۡمُرۡسَلِينَ ﴿٢٠﴾	ٱتَّبِعُواْ	مَن
اس نے کہا	اے میری قوم !	تم پیروی کرو	رسولوں کی	تم پیروی کرو	ان کی جو
اس نے کہا اے میری قوم ! تم رسولوں کی پیروی کرو۔ تم پیروی کرو					

لَّا يَسۡـَٔلُكُمۡ أَجۡرٗا وَهُم مُّهۡتَدُونَ ﴿٢١﴾

لَّا	يَسۡـَٔلُكُمۡ	أَجۡرٗا	وَهُم	مُّهۡتَدُونَ ﴿٢١﴾
نہیں	تم سے مانگتے	کوئی اجرت	جبکہ وہ خود	ہدایت یافتہ ہیں
ان کی جو تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتے جبکہ وہ خود ہدایت یافتہ ہیں۔				

وَمَا لِيَ لَآ أَعۡبُدُ ٱلَّذِي

وَ	مَا	لِيَ	لَآ	أَعۡبُدُ	ٱلَّذِي
اور	کیا ہے	مجھے	کہ نہ	میں عبادت کروں	اس ذات کی جس نے
اور کیا ہے مجھے کہ نہ میں عبادت کروں اس ذات کی جس نے مجھے پیدا کیا؟					

فَطَرَنِي وَإِلَيۡهِ تُرۡجَعُونَ ﴿٢٢﴾ ءَأَتَّخِذُ مِن دُونِهِۦٓ ءَالِهَةً

فَطَرَنِي	وَإِلَيۡهِ	تُرۡجَعُونَ ﴿٢٢﴾	ءَأَتَّخِذُ	مِن دُونِهِۦٓ	ءَالِهَةً
مجھے پیدا کیا؟	اور اسی کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	کیا میں بنالوں	اس (اللہ) کے سوا	(دوسرے) معبود؟
اور اسی کی طرف تم سب لوٹائے جاؤ گے۔ کیا میں اللہ کے سوا دوسرے معبود بنالوں					

إِن يُرِدۡنِ ٱلرَّحۡمَٰنُ بِضُرࣲّ لَّا تُغۡنِ عَنِّي

إِن	يُرِدۡنِ	ٱلرَّحۡمَٰنُ	بِضُرࣲّ	لَّا	تُغۡنِ عَنِّي
اگر	ارادہ کرے کرے میرے ساتھ	رحمٰن	مجھے نقصان پہنچانے کا	نہیں	کام آئے گی میرے
کہ اگر رحمٰن مجھے کوئی نقصان پہنچانا چاہے					

شَفَٰعَتُهُمۡ شَيۡـࣰٔا وَلَا يُنقِذُونِ ٢٣ إِنِّيٓ إِذࣰا

شَفَٰعَتُهُمۡ	شَيۡـࣰٔا	وَلَا	يُنقِذُونِ ٢٣	إِنِّيٓ	إِذࣰا
ان کی شفاعت	کچھ بھی	اور نہ	وہ مجھے چھڑا سکیں گے	بیشک میں	اس وقت
تو ان (جھوٹے معبودوں) کی سفارش میرے کسی کام نہیں آئے گی اور نہ وہ مجھے چھڑا سکیں گے۔					

لَّفِي ضَلَٰلࣲ مُّبِينٍ ٢٤ إِنِّيٓ ءَامَنتُ بِرَبِّكُمۡ فَٱسۡمَعُونِ ٢٥ قِيلَ

لَّفِي ضَلَٰلࣲ مُّبِينٍ ٢٤	إِنِّيٓ	ءَامَنتُ	بِرَبِّكُمۡ	فَٱسۡمَعُونِ ٢٥	قِيلَ
البتہ کھلی گمراہی میں ہونگا	بیشک میں	ایمان لایا ہوں	تمھارے رب کے ساتھ	لہذا تم میری بات سنو	کہا گیا
بیشک میں اس وقت کھلی گمراہی میں ہونگا اور میں تو تمھارے رب پر ایمان لے آیا ہوں لہذا تم میری بات سنو۔ کہا گیا					

ٱدۡخُلِ ٱلۡجَنَّةَۖ قَالَ يَٰلَيۡتَ قَوۡمِي يَعۡلَمُونَ ٢٦

ٱدۡخُلِ	ٱلۡجَنَّةَۖ	قَالَ	يَٰلَيۡتَ	قَوۡمِي	يَعۡلَمُونَ ٢٦
تو داخل ہو جا	جنت میں	اس نے کہا	اے کاش!	میری قوم	جان لے
کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ اس نے کہا اے کاش! میری قوم جان لے					

بِمَا غَفَرَ لِي رَبِّي وَجَعَلَنِي مِنَ ٱلۡمُكۡرَمِينَ ﴿٢٧﴾ وَمَآ

بِمَا	غَفَرَ لِي	رَبِّي	وَجَعَلَنِي	مِنَ ٱلۡمُكۡرَمِينَ ﴿٢٧﴾	وَمَآ
اس (بات) کو کہ	مجھے بخش دیا ہے	میرے رب نے	اور اس نے مجھے کر دیا	معزز لوگوں میں سے	اور نہیں
اس (بات) کو کہ مجھے میرے رب نے بخش دیا ہے اور معزز لوگوں میں سے کر دیا۔					

أَنزَلۡنَا عَلَىٰ قَوۡمِهِۦ مِنۢ بَعۡدِهِۦ مِن جُندٖ مِّنَ ٱلسَّمَآءِ

أَنزَلۡنَا	عَلَىٰ قَوۡمِهِۦ	مِنۢ بَعۡدِهِۦ	مِن	جُندٖ	مِّنَ ٱلسَّمَآءِ
ہم نے اُتارا	اس کی قوم پر	اس کے بعد	کوئی	لشکر	آسمان سے
اور اس کے بعد ہم نے اس کی قوم پر آسمان سے کوئی لشکر نازل نہیں کیا تھا					

وَمَا كُنَّا مُنزِلِينَ ﴿٢٨﴾ إِن كَانَتۡ إِلَّا

وَمَا	كُنَّا	مُنزِلِينَ ﴿٢٨﴾	إِن	كَانَتۡ	إِلَّا
اور نہیں	تھے ہم	اُتارنے والے ہی	نہیں	تھا (کچھ بھی)	مگر
اور نہ ہی ہم لشکر نازل کرنے والے تھے۔					

صَيۡحَةٗ وَٰحِدَةٗ فَإِذَا هُمۡ خَٰمِدُونَ ﴿٢٩﴾ يَٰحَسۡرَةً عَلَى ٱلۡعِبَادِۚ

صَيۡحَةٗ وَٰحِدَةٗ	فَإِذَا	هُمۡ	خَٰمِدُونَ ﴿٢٩﴾	يَٰحَسۡرَةً	عَلَى ٱلۡعِبَادِۚ
ایک چیخ ہی	تو (اس سے) ناگہاں	وہ	بجھ کر رہ گئے	ہائے افسوس!	ایسے بندوں پر!
وہ تو بس ایک چیخ ہی تھی جس سے وہ بجھ کر رہ گئے۔ ہائے افسوس! ایسے بندوں پر!					

مَا يَأۡتِيهِم مِّن رَّسُولٍ إِلَّا كَانُواْ

مَا	يَأۡتِيهِم	مِّن	رَّسُولٍ	إِلَّا	كَانُواْ
نہیں	آتاان کے پاس	کوئی	رسول	مگر	وہ ہوتے
نہیں آتاان کے پاس کوئی رسول					

بِهِۦ يَسۡتَهۡزِءُونَ ٣٠ أَلَمۡ يَرَوۡاْ كَمۡ أَهۡلَكۡنَا

بِهِۦ	يَسۡتَهۡزِءُونَ ٣٠	أَلَمۡ	يَرَوۡاْ	كَمۡ	أَهۡلَكۡنَا
اس کے ساتھ	استہزاہی کرتے	کیانہیں	انہوں نے دیکھا	کتنی	ہم نے ہلاک کردیں
مگر وہ اس کا مذاق ہی اُڑاتے ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ان سے پہلے ہم نے کتنی نسلوں کو ہلاک کر دیا					

قَبۡلَهُم مِّنَ ٱلۡقُرُونِ أَنَّهُمۡ إِلَيۡهِمۡ لَا يَرۡجِعُونَ ٣١

قَبۡلَهُم	مِّنَ ٱلۡقُرُونِ	أَنَّهُمۡ	إِلَيۡهِمۡ	لَا	يَرۡجِعُونَ ٣١
ان سے پہلے	اُمتیں	بیشک وہ	ان کی طرف	نہیں	لوٹیں گی
کہ بیشک وہ ان کی طرف نہیں لوٹیں گی۔					

وَإِن كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيۡنَا مُحۡضَرُونَ ٣٢

وَإِن	كُلٌّ	لَّمَّا	جَمِيعٌ	لَّدَيۡنَا	مُحۡضَرُونَ ٣٢
اور نہیں	کوئی بھی	مگر	سب کے سب	ہمارے پاس	حاضر کیے جائینگے
اور وہ سب کے سب ہمارے ہی سامنے حاضر کیے جائینگے۔					

وَءَايَةٌ لَّهُمُ ٱلۡأَرۡضُ ٱلۡمَيۡتَةُ أَحۡيَيۡنَٰهَا وَأَخۡرَجۡنَا

وَءَايَةٌ	لَّهُمُ	ٱلۡأَرۡضُ	ٱلۡمَيۡتَةُ	أَحۡيَيۡنَٰهَا	وَأَخۡرَجۡنَا
اور ایک نشانی ہے	اُن کے لیے	زمین	مُردہ	ہم نے زندہ کر دیا اُسے (بارش سے)	اور ہم نے نکالا
اور اُن کے لیے ایک نشانی مُردہ زمین میں ہے ہم نے اُسے زندہ کر دیا					

مِنۡهَا حَبًّا فَمِنۡهُ يَأۡكُلُونَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلۡنَا فِيهَا

مِنۡهَا	حَبًّا	فَمِنۡهُ	يَأۡكُلُونَ ﴿٣٣﴾	وَجَعَلۡنَا	فِيهَا
اس سے	(اناج کا) دانہ	پھر اسی (دانہ، اناج) سے	وہ کھاتے ہیں	اور ہم نے بنائے	اس (زمین) میں
اور ہم نے اس میں سے اناج نکالا پھر اسی (دانہ، اناج) سے وہ کھاتے ہیں۔ اور ہم نے بنائے اس (زمین) میں					

جَنَّٰتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعۡنَٰبٍ وَفَجَّرۡنَا فِيهَا مِنَ ٱلۡعُيُونِ ﴿٣٤﴾

جَنَّٰتٍ	مِّن نَّخِيلٍ	وَأَعۡنَٰبٍ	وَفَجَّرۡنَا	فِيهَا	مِنَ ٱلۡعُيُونِ ﴿٣٤﴾
باغات	کھجوروں کے	اور انگوروں کے	اور ہم نے جاری کیے	ان (باغوں) میں	چشمے
باغات کھجوروں اور انگوروں کے اور ہم نے ان (باغوں) میں چشمے جاری کیے۔					

لِيَأۡكُلُواْ مِن ثَمَرِهِۦ وَمَا عَمِلَتۡهُ أَيۡدِيهِمۡۚ أَفَلَا

لِيَأۡكُلُواْ	مِن ثَمَرِهِۦ	وَمَا	عَمِلَتۡهُ	أَيۡدِيهِمۡۚ	أَفَلَا
تاکہ وہ کھائیں	اس کے پھلوں میں سے	اور نہیں	اس کو بنایا	ان کے ہاتھوں نے	کیا پھر نہیں
تاکہ وہ اس کے پھلوں کو کھائیں اور اس کو ان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا					

يَشۡكُرُونَ ٣٥ سُبۡحَٰنَ ٱلَّذِي خَلَقَ ٱلۡأَزۡوَٰجَ كُلَّهَا

يَشۡكُرُونَ ٣٥	سُبۡحَٰنَ	ٱلَّذِي	خَلَقَ	ٱلۡأَزۡوَٰجَ	كُلَّهَا
وہ شکر کرتے؟	پاک ہے	وہ ذات جس نے	پیدا کیے	جوڑے	سب کے سب

کیا پھر نہیں وہ شکر کرتے؟ پاک ہے وہ ذات جس نے سب کے سب جوڑے پیدا کیے

مِمَّا تُنۢبِتُ ٱلۡأَرۡضُ وَمِنۡ أَنفُسِهِمۡ وَمِمَّا

مِمَّا	تُنۢبِتُ	ٱلۡأَرۡضُ	وَمِنۡ أَنفُسِهِمۡ	وَمِمَّا
ان چیزوں کے بھی جن کو	اُگاتی ہے	زمین	اور خود ان (انسانوں) کے اپنے بھی	اور ان کے بھی جنہیں

اُس میں سے بھی جو زمین اُگاتی ہے اور خود ان کی اپنی جانوں میں سے بھی اور اُس میں سے بھی

لَا يَعۡلَمُونَ ٣٦ وَءَايَةٞ لَّهُمُ ٱلَّيۡلُ نَسۡلَخُ مِنۡهُ

لَا يَعۡلَمُونَ ٣٦	وَءَايَةٞ	لَّهُمُ	ٱلَّيۡلُ	نَسۡلَخُ	مِنۡهُ
وہ نہیں جانتے	اور ایک نشانی	ان کے لیے	رات ہے	ہم کھینچ لیتے ہیں	اس (رات) سے

جن کے بارے میں یہ نہیں جانتے۔ اور ایک نشانی ان کے لیے رات بھی ہے ہم کھینچ لیتے ہیں

ٱلنَّهَارَ فَإِذَا هُم مُّظۡلِمُونَ ٣٧ وَٱلشَّمۡسُ تَجۡرِي

ٱلنَّهَارَ	فَإِذَا	هُم	مُّظۡلِمُونَ ٣٧	وَٱلشَّمۡسُ	تَجۡرِي
دن کو	پھر یکایک	وہ	اندھیرے میں رہ جاتے ہیں	اور سورج	رواں دواں رہتا ہے

اس (رات) سے دن کو پھر یکایک وہ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں۔ اور سورج اپنے ٹھکانے پر (پہنچنے) کے لیے

لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَاۚ ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ ٱلْعَزِيزِ ٱلْعَلِيمِ﴿٣٨﴾ وَٱلْقَمَرَ

لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَاۚ	ذَٰلِكَ	تَقْدِيرُ	ٱلْعَزِيزِ	ٱلْعَلِيمِ﴿٣٨﴾	وَٱلْقَمَرَ
اپنے ٹھکانے پر (پہنچنے) کے لیے	یہ	اندازہ ہے	نہایت غالب	خوب جاننے والے کا	اور چاند
رواں دواں رہتا ہے یہ نہایت غالب خوب جاننے والے کا اندازہ ہے۔					

قَدَّرْنَٰهُ مَنَازِلَ حَتَّىٰ عَادَ كَٱلْعُرْجُونِ

قَدَّرْنَٰهُ	مَنَازِلَ	حَتَّىٰ	عَادَ	كَٱلْعُرْجُونِ
اور ہم نے اس کی مقرر کر دی ہیں	منزلیں	یہاں تک کہ	وہ ہو جاتا ہے	مانند کھجور کے خوشے کی
اور چاند اور ہم نے اس کی منزلیں مقرر کر دی ہیں یہاں تک کہ وہ کھجور کے خوشے کی پرانی ٹیڑھی ڈنڈی کی مانند ہو جاتا ہے۔				

ٱلْقَدِيمِ﴿٣٩﴾ لَا ٱلشَّمْسُ يَنۢبَغِى لَهَآ أَن تُدْرِكَ

ٱلْقَدِيمِ﴿٣٩﴾	لَا ٱلشَّمْسُ	يَنۢبَغِى	لَهَآ	أَن	تُدْرِكَ
پرانی ٹیڑھی ڈنڈی کی طرح	نہ سورج	لائق ہے	اس کے لیے	یہ کہ	وہ پکڑ لے
نہ تو سورج کے لیے ممکن ہے کہ وہ چاند کو پکڑ لے					

ٱلْقَمَرَ وَلَا ٱلَّيْلُ سَابِقُ ٱلنَّهَارِۚ وَكُلٌّ فِى فَلَكٍ

ٱلْقَمَرَ	وَلَا ٱلَّيْلُ	سَابِقُ	ٱلنَّهَارِۚ	وَكُلٌّ	فِى فَلَكٍ
چاند کو	اور نہ رات ہی	پہلے آنے ولی ہے	دن سے	اور سب (اپنے اپنے	مدار میں
اور نہ ہی رات دن سے آگے نکل سکتی ہے۔ اور یہ سب اپنے اپنے دائرے میں تیر رہے ہیں					

يَسۡبَحُونَ۝٤٠ وَءَايَةٞ لَّهُمۡ أَنَّا حَمَلۡنَا ذُرِّيَّتَهُمۡ

يَسۡبَحُونَ۝٤٠	وَءَايَةٞ	لَّهُمۡ	أَنَّا	حَمَلۡنَا	ذُرِّيَّتَهُمۡ
تیرتے پھرتے ہیں	اور ایک نشانی	اُن کے لیے	(یہ ہے) کہ بیشک	ہم نے اٹھایا	ان کی اولاد (نسل) کو
اور اُن کے لیے ایک نشانی یہ بھی ہے کہ ہم نے ان کی نسل کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کر دیا۔					

فِي ٱلۡفُلۡكِ ٱلۡمَشۡحُونِ۝٤١ وَخَلَقۡنَا لَهُم مِّن مِّثۡلِهِۦ مَا

فِي ٱلۡفُلۡكِ ٱلۡمَشۡحُونِ۝٤١	وَخَلَقۡنَا	لَهُم	مِّن مِّثۡلِهِۦ	مَا
بھری ہوئی کشتی میں	اور ہم نے پیدا کیں	ان کے لیے	اس (کشتی) جیسی (اور سواریاں)	جن پر
اور ہم نے ان کے لیے اس کشتی جیسی اور سواریاں پیدا کیں				

يَرۡكَبُونَ۝٤٢ وَإِن نَّشَأۡ نُغۡرِقۡهُمۡ فَلَا صَرِيخَ

يَرۡكَبُونَ۝٤٢	وَإِن	نَّشَأۡ	نُغۡرِقۡهُمۡ	فَلَا	صَرِيخَ
وہ سوار ہوتے ہیں	اور اگر	ہم چاہیں	تو ہم انہیں غرق کر دیں	پھر نہیں (ہو گا)	کوئی فریاد کو پہنچنے والا
جن پر وہ سوار ہوتے ہیں۔ اور اگر ہم چاہیں تو ہم انہیں غرق کر دیں پھر ان کے لیے کوئی فریاد کو پہنچنے والا نہیں ہو گا					

لَهُمۡ وَلَا هُمۡ يُنقَذُونَ۝٤٣ إِلَّا رَحۡمَةٗ مِّنَّا

لَهُمۡ	وَلَا هُمۡ	يُنقَذُونَ۝٤٣	إِلَّا	رَحۡمَةٗ	مِّنَّا
ان کے لیے	اور نہ وہ	چھڑائے جائینگے	مگر	رحمت کی وجہ سے	ہماری طرف سے
اور نہ وہ چھڑائے جائینگے۔ مگر یہ ہماری طرف سے رحمت ہے					

وَمَتَٰعًا إِلَىٰ حِينٍ۝٤٤ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ ٱتَّقُواْ

وَمَتَٰعًا	إِلَىٰ حِينٍ۝٤٤	وَإِذَا	قِيلَ	لَهُمُ	ٱتَّقُواْ
اور فائدہ ہے	ایک مدت تک	اور جب	کہا جاتا ہے	ان کے لیے	تم بچو

اور ایک مدت تک فائدہ اٹھانا ہے۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ سبق حاصل کرو

مَا بَيۡنَ أَيۡدِيكُمۡ وَمَا خَلۡفَكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُونَ۝٤٥

مَا بَيۡنَ أَيۡدِيكُمۡ	وَمَا	خَلۡفَكُمۡ	لَعَلَّكُمۡ	تُرۡحَمُونَ۝٤٥
اس (عذاب) سے جو تمھارے سامنے ہے	اور جو	تمھارے پیچھے ہے	تا کہ تم پر	رحم کیا جائے

اس (عذاب) سے جو تمھارے سامنے اور جو تمھارے پیچھے ہے تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔

وَمَا تَأۡتِيهِم مِّنۡ ءَايَةٖ مِّنۡ ءَايَٰتِ رَبِّهِمۡ إِلَّا كَانُواْ عَنۡهَا

وَمَا تَأۡتِيهِم	مِّنۡ ءَايَةٖ	مِّنۡ ءَايَٰتِ رَبِّهِمۡ	إِلَّا	كَانُواْ	عَنۡهَا
اور ان کے پاس نہیں آتی	کوئی نشانی	ان کے رب کی نشانیوں میں سے	مگر	وہ ہوتے ہیں	اس سے

اور ان کے پاس ان کے رب کی نشانیوں میں سے جب بھی کوئی نشانی آتی ہے تو وہ اس سے منہ پھیرنے والے ہوتے ہیں۔

مُعۡرِضِينَ۝٤٦ وَإِذَا قِيلَ لَهُمۡ أَنفِقُواْ مِمَّا

مُعۡرِضِينَ۝٤٦	وَإِذَا	قِيلَ	لَهُمۡ	أَنفِقُواْ	مِمَّا
منہ پھیرنے والے	اور جب	کہا جاتا ہے	ان سے	تم خرچ کرو	اس میں سے جو

اور جب ان سے کہا جاتا ہے تم خرچ کرو

رَزَقَكُمُ ٱللَّهُ قَالَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ لِلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ

رَزَقَكُمُ ٱللَّهُ	قَالَ	ٱلَّذِينَ	كَفَرُواْ	لِلَّذِينَ	ءَامَنُوٓاْ
اللہ نے تمھیں رزق دیا ہے	تو کہتے ہیں	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	ان لوگوں سے جو	ایمان لائے
اس میں سے جو اللہ نے تمھیں رزق دیا ہے تو کافر لوگ ایمان والوں سے کہتے ہیں					

أَنُطۡعِمُ مَن لَّوۡ يَشَآءُ ٱللَّهُ أَطۡعَمَهُۥٓ إِنۡ

أَنُطۡعِمُ	مَن	لَّوۡ	يَشَآءُ ٱللَّهُ	أَطۡعَمَهُۥٓ	إِنۡ
کیا ہم کھلائیں	اس کو کہ	اگر	اللہ چاہتا	تو وہ اسے کھلا دیتا؟	نہیں ہو
کیا ہم انہیں کھلائیں جنہیں اللہ چاہتا تو خود کھلا دیتا					

أَنتُمۡ إِلَّا فِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٖ ٤٧ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا

أَنتُمۡ	إِلَّا	فِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٖ ٤٧	وَيَقُولُونَ	مَتَىٰ	هَٰذَا
تم	مگر	کھلی گمراہی میں	اور وہ کہتے ہیں	کب (پورا) ہوگا	یہ
تم تو خود کھلی گمراہی میں ہو۔ اور وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب پورا ہوگا					

ٱلۡوَعۡدُ إِن كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ ٤٨ مَا يَنظُرُونَ إِلَّا

ٱلۡوَعۡدُ	إِن	كُنتُمۡ	صَٰدِقِينَ ٤٨	مَا يَنظُرُونَ	إِلَّا
وعدہ	اگر	ہو تم	سچے	وہ انتظار نہیں کرتے	مگر
اگر تم سچے ہو۔ وہ انتظار نہیں کرتے					

صَيۡحَةٗ وَٰحِدَةٗ تَأۡخُذُهُمۡ وَهُمۡ يَخِصِّمُونَ ٤٩ فَلَا يَسۡتَطِيعُونَ

صَيۡحَةٗ وَٰحِدَةٗ	تَأۡخُذُهُمۡ	وَهُمۡ	يَخِصِّمُونَ ٤٩	فَلَا يَسۡتَطِيعُونَ
ایک چیخ کا	جو ان کو آ پکڑے گی	جبکہ وہ	(آپس میں) جھگڑ رہے ہونگے	تب وہ طاقت نہ رکھیں گے
مگر ایک چیخ کا جو ان کو آ پکڑے گی جبکہ وہ (آپس میں) جھگڑ رہے ہونگے تب وہ وصیت کرنے کی طاقت نہ رکھیں گے				

تَوۡصِيَةٗ وَلَآ إِلَىٰٓ أَهۡلِهِمۡ يَرۡجِعُونَ ٥٠ وَنُفِخَ فِي ٱلصُّورِ فَإِذَا

تَوۡصِيَةٗ	وَلَآ إِلَىٰٓ أَهۡلِهِمۡ	يَرۡجِعُونَ ٥٠	وَنُفِخَ	فِي ٱلصُّورِ	فَإِذَا
وصیت کرنے کی	اور نہ اپنے گھر والوں کی طرف	وہ لوٹ ہی سکیں گے	اور پھونکا جائے گا	صور میں	تو اچانک
اور نہ اپنے گھر والوں کی طرف وہ لوٹ ہی سکیں گے۔ اور صور میں پھونکا جائے گا					

هُم مِّنَ ٱلۡأَجۡدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمۡ يَنسِلُونَ ٥١ قَالُواْ يَٰوَيۡلَنَا

هُم	مِّنَ ٱلۡأَجۡدَاثِ	إِلَىٰ رَبِّهِمۡ	يَنسِلُونَ ٥١	قَالُواْ	يَٰوَيۡلَنَا
وہ	اپنی قبروں سے نکل کر	اپنے رب کی طرف	تیزی سے دوڑیں گے	وہ کہیں گے	ہائے افسوس ہم پر!
تو اچانک وہ اپنی قبروں سے نکل کر اپنے رب کی طرف تیزی سے دوڑیں گے وہ کہیں گے ہائے افسوس ہم پر!					

مَنۢ بَعَثَنَا مِن مَّرۡقَدِنَاۜۗ هَٰذَا مَا وَعَدَ ٱلرَّحۡمَٰنُ

مَنۢ	بَعَثَنَا	مِن مَّرۡقَدِنَاۜۗ	هَٰذَا	مَا	وَعَدَ ٱلرَّحۡمَٰنُ
کس نے	ہمیں اٹھایا	ہماری خواب گاہ سے	یہ ہے	وہ جو	رحمٰن نے وعدہ کیا تھا
کس نے ہمیں ہماری خواب گاہ سے اٹھایا یہ ہے وہ جو رحمٰن نے وعدہ کیا تھا					

وَصَدَقَ ٱلْمُرْسَلُونَ۝٥٢ إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَٰحِدَةً فَإِذَا

وَصَدَقَ	ٱلْمُرْسَلُونَ۝٥٢	إِن كَانَتْ	إِلَّا	صَيْحَةً وَٰحِدَةً	فَإِذَا
اور سچ کہا تھا	رسولوں نے	وہ نہیں ہوگی	مگر	ایک چیخ ہی	تو اچانک
اور رسولوں نے سچ کہا تھا۔ پھر ایک ہی چیخ ہوگی					

هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ۝٥٣ فَٱلْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ

هُمْ	جَمِيعٌ	لَّدَيْنَا	مُحْضَرُونَ۝٥٣	فَٱلْيَوْمَ	لَا تُظْلَمُ
وہ	سب کے سب	ہمارے سامنے	حاضر کردیئے جائینگے	سو آج	ظلم نہیں کیا جائے گا
تو (اس کے نتیجے میں) وہ سب کے سب ہمارے سامنے حاضر کردیئے جائینگے۔ سو آج کسی جان پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گا					

نَفْسٌ شَيْـًٔا وَلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ۝٥٤

نَفْسٌ	شَيْـًٔا	وَلَا تُجْزَوْنَ	إِلَّا	مَا	كُنتُمْ تَعْمَلُونَ۝٥٤
کسی جان پر	کچھ بھی	اور تمھیں بدلہ نہیں دیا جائے گا	مگر	وہی جو	تم عمل کیا کرتے تھے
اور تمھیں تمھارے اعمال ہی کا بدلہ دیا جائے گا۔					

إِنَّ أَصْحَٰبَ ٱلْجَنَّةِ ٱلْيَوْمَ فِى شُغُلٍ فَٰكِهُونَ۝٥٥ هُمْ

إِنَّ	أَصْحَٰبَ ٱلْجَنَّةِ	ٱلْيَوْمَ	فِى شُغُلٍ	فَٰكِهُونَ۝٥٥	هُمْ
بیشک	جنت والے	آج	ایک عظیم شغل میں	خوش ہونگے	وہ
بیشک جنت والے اُس دن مزے کرنے میں مشغول ہونگے۔					

وَأَزۡوَٰجُهُمۡ فِي ظِلَٰلٍ عَلَى ٱلۡأَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔونَ ۝٥٦ لَهُمۡ فِيهَا

وَأَزۡوَٰجُهُمۡ	فِي ظِلَٰلٍ	عَلَى ٱلۡأَرَآئِكِ	مُتَّكِـُٔونَ ۝٥٦	لَهُمۡ	فِيهَا
اور ان کی بیویاں	سایوں میں	تختوں پر	ٹیک لگائے ہوئے ہونگے	ان کے لیے	اس میں
وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں تختوں پر ٹیک لگائے ہوئے ہونگے۔ ان کے لیے اس میں ہر قسم کا میوہ ہو گا					

فَٰكِهَةٞ وَلَهُم مَّا يَدَّعُونَ ۝٥٧ سَلَٰمٞ قَوۡلٗا

فَٰكِهَةٞ	وَلَهُم	مَّا	يَدَّعُونَ ۝٥٧	سَلَٰمٞ	قَوۡلٗا
میوہ ہو گا (ہر قسم کا)	اور اُن کے لیے	وہ ہو گا جو	وہ مانگیں گے	سلام	کہا جائے گا (انہیں)
اور اُن کے لیے ہر وہ شے ہو گی جو وہ طلب کرینگے۔ انہیں سلام کہا جائے گا					

مِّن رَّبّٖ رَّحِيمٖ ۝٥٨ وَٱمۡتَٰزُواْ ٱلۡيَوۡمَ أَيُّهَا ٱلۡمُجۡرِمُونَ ۝٥٩

مِّن رَّبّٖ رَّحِيمٖ ۝٥٨	وَٱمۡتَٰزُواْ	ٱلۡيَوۡمَ	أَيُّهَا	ٱلۡمُجۡرِمُونَ ۝٥٩
نہایت مہربان رب کی طرف سے	اور (مجرموں سے کہا جائے گا) تم الگ ہو جاؤ	آج	اے	مجرمو!
نہایت مہربان رب کی طرف سے۔ اور (اعلان کیا جائے گا) اے مجرمو! آج تم الگ ہو جاؤ۔				

أَلَمۡ أَعۡهَدۡ إِلَيۡكُمۡ يَٰبَنِيٓ ءَادَمَ أَن لَّا تَعۡبُدُواْ ٱلشَّيۡطَٰنَۖ

أَلَمۡ أَعۡهَدۡ	إِلَيۡكُمۡ	يَٰبَنِيٓ ءَادَمَ	أَن	لَّا تَعۡبُدُواْ ٱلشَّيۡطَٰنَۖ
کیا میں نے وصیت (تاکید) نہیں کی تھی	تمھیں	اے بنی آدم!	(اس بات کی) کہ	تم شیطان کی عبادت نہ کرنا
اے بنی آدم! کیا میں نے تم سے وعدہ نہیں لے لیا تھا کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا				

إِنَّهُۥ لَكُمۡ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ۝٦٠ وَأَنِ ٱعۡبُدُونِيۚ

إِنَّهُۥ	لَكُمۡ	عَدُوٌّ	مُّبِينٌ ۝٦٠	وَأَنِ	ٱعۡبُدُونِيۚ
بیشک وہ	تمھارا	دشمن ہے	کھلا	اور یہ کہ	تم میری ہی عبادت کرنا
بیشک وہ تمھارا کھلا دشمن ہے۔ اور یہ کہ تم میری ہی عبادت کرنا					

هَٰذَا صِرَٰطٞ مُّسۡتَقِيمٞ ۝٦١ وَلَقَدۡ أَضَلَّ مِنكُمۡ

هَٰذَا	صِرَٰطٞ	مُّسۡتَقِيمٞ ۝٦١	وَلَقَدۡ	أَضَلَّ	مِنكُمۡ
یہی ہے	راستہ	سیدھا	اور یقیناً	اس نے گمراہ کردی	تم میں سے
یہی سیدھا راستہ ہے۔اور وہ تو تم میں سے بہت بڑی تعداد کو گمراہ کر کے لے گیا					

جِبِلّٗا كَثِيرًاۖ أَفَلَمۡ تَكُونُواْ تَعۡقِلُونَ ۝٦٢ هَٰذِهِۦ جَهَنَّمُ ٱلَّتِي

جِبِلّٗا كَثِيرًاۖ	أَفَلَمۡ تَكُونُواْ	تَعۡقِلُونَ ۝٦٢	هَٰذِهِۦ	جَهَنَّمُ	ٱلَّتِي
بہت سی مخلوق	کیا پھر تم نہیں تھے	عقل رکھتے ؟	یہ ہے	جہنم	وہ جس کا
کیا پھر تم عقل سے کام نہیں لیتے ؟اب یہ جہنم حاضر ہے					

كُنتُمۡ تُوعَدُونَ ۝٦٣ ٱصۡلَوۡهَا ٱلۡيَوۡمَ بِمَا كُنتُمۡ تَكۡفُرُونَ ۝٦٤

كُنتُمۡ	تُوعَدُونَ ۝٦٣	ٱصۡلَوۡهَا	ٱلۡيَوۡمَ	بِمَا	كُنتُمۡ تَكۡفُرُونَ ۝٦٤
تم تھے	وعدہ دیئے جاتے	تم اس میں داخل ہو جاؤ	آج	اس کی وجہ سے جو	تم کفر کیا کرتے تھے
جس کا تم کو وعدہ دیا جاتا تھا۔ تم آج اس میں داخل ہو جاؤ اپنے کفر کی وجہ سے جو تم کیا کرتے تھے۔					

ٱلۡيَوۡمَ نَخۡتِمُ عَلَىٰٓ أَفۡوَٰهِهِمۡ وَتُكَلِّمُنَآ أَيۡدِيهِمۡ وَتَشۡهَدُ

ٱلۡيَوۡمَ	نَخۡتِمُ	عَلَىٰٓ أَفۡوَٰهِهِمۡ	وَتُكَلِّمُنَآ	أَيۡدِيهِمۡ	وَتَشۡهَدُ
آج	ہم مہر لگادینگے	ان (مجرموں) کے مونہوں پر	اور ہم سے کلام کرینگے	ان کے ہاتھ	اور گواہی دینگے

آج ہم ان مجرموں کے مونہوں پر مہر لگادینگے اور ان کے ہاتھ ہم سے کلام کرینگے

أَرۡجُلُهُم بِمَا كَانُواْ يَكۡسِبُونَ ٦٥ وَلَوۡ نَشَآءُ لَطَمَسۡنَا

أَرۡجُلُهُم	بِمَا	كَانُواْ يَكۡسِبُونَ ٦٥	وَلَوۡ	نَشَآءُ	لَطَمَسۡنَا
ان کے پیر	ان (عملوں) کی جو	وہ کمایا کرتے تھے	اور اگر	ہم چاہیں	تو ہم ضرور مٹادیں

اور ان کے پیر ان کے اعمال کی گواہی دینگے۔ اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھیں مٹادیں

عَلَىٰٓ أَعۡيُنِهِمۡ فَٱسۡتَبَقُواْ ٱلصِّرَٰطَ فَأَنَّىٰ يُبۡصِرُونَ ٦٦ وَلَوۡ

عَلَىٰٓ أَعۡيُنِهِمۡ	فَٱسۡتَبَقُواْ	ٱلصِّرَٰطَ	فَأَنَّىٰ	يُبۡصِرُونَ ٦٦	وَلَوۡ
ان کی آنکھیں	پھر وہ دوڑیں	راستہ (تلاش کرنے) کو	تو کیونکر	وہ دیکھ سکیں گے	اور اگر

پھر وہ راستہ تلاش کرنے کو دوڑیں دوڑیں تو کیونکر وہ دیکھ سکیں گے۔

نَشَآءُ لَمَسَخۡنَٰهُمۡ عَلَىٰ مَكَانَتِهِمۡ فَمَا ٱسۡتَطَٰعُواْ مُضِيّٗا

نَشَآءُ	لَمَسَخۡنَٰهُمۡ	عَلَىٰ مَكَانَتِهِمۡ	فَمَا ٱسۡتَطَٰعُواْ	مُضِيّٗا
ہم چاہیں	تو ہم ان کی صورتیں مسخ کردیں	انہی کی جگہوں پر	پھر وہ طاقت نہ رکھیں گے	(آگے) چلنے کی

اور اگر ہم چاہیں تو ہم انہی کی جگہوں پر ان کی صورتیں مسخ کردیں پھر وہ آگے چلنے کی طاقت نہ رکھیں گے

وَلَا يَرۡجِعُونَ ٦٧ وَمَن نُّعَمِّرۡهُ نُنَكِّسۡهُ فِي ٱلۡخَلۡقِۚ

وَلَا يَرۡجِعُونَ ٦٧	وَمَن	نُّعَمِّرۡهُ	نُنَكِّسۡهُ	فِي ٱلۡخَلۡقِۚ
اور نہ وہ لوٹ سکیں گے	اور جو شخص	ہم اس کو (زیادہ) عمر دیں	تو ہم اس کو الٹا دیتے ہیں	حالت پیدائش میں
اور نہ وہ لوٹ سکیں گے۔ اور جس کو ہم زیادہ عمر دیتے ہیں تو ہم اس کو حالت پیدائش میں الٹا دیتے ہیں				

أَفَلَا يَعۡقِلُونَ ٦٨ وَمَا عَلَّمۡنَٰهُ ٱلشِّعۡرَ وَمَا يَنۢبَغِي لَهُۥٓۚ إِنۡ

أَفَلَا يَعۡقِلُونَ ٦٨	وَمَا عَلَّمۡنَٰهُ	ٱلشِّعۡرَ	وَمَا يَنۢبَغِي	لَهُۥٓۚ	إِنۡ
کیا پھر وہ عقل نہیں رکھتے ؟	اور ہم نے اس (رسول) کو نہیں سکھایا	شعر کہنا	اور نہ یہ لائق ہے	اس کے	نہیں ہے
کیا پھر وہ عقل نہیں رکھتے ؟ اور ہم نے اس (رسول) کو شعر کہنا نہیں سکھایا اور نہ یہ اس کے لائق ہے					

هُوَ إِلَّا ذِكۡرٞ وَقُرۡءَانٞ مُّبِينٞ ٦٩ لِّيُنذِرَ

هُوَ	إِلَّا	ذِكۡرٞ	وَقُرۡءَانٞ	مُّبِينٞ ٦٩	لِّيُنذِرَ
وہ (کلام الٰہی)	مگر	ایک عظیم نصیحت	اور قرآن	واضح	تاکہ وہ ڈرائے
نہیں ہے وہ (کلام الٰہی) مگر ایک عظیم نصیحت اور واضح قرآن۔ تاکہ وہ ڈرائے					

مَن كَانَ حَيّٗا وَيَحِقَّ ٱلۡقَوۡلُ عَلَى ٱلۡكَٰفِرِينَ ٧٠

مَن	كَانَ	حَيّٗا	وَيَحِقَّ	ٱلۡقَوۡلُ	عَلَى ٱلۡكَٰفِرِينَ ٧٠
اس کو جو	ہے	زندہ	اور ثابت ہو جائے	بات	کافروں پر
اس کو جو زندہ ہے اور کافروں پر بات ثابت ہو جائے۔					

أَوَ لَمۡ يَرَوۡاْ أَنَّا خَلَقۡنَا لَهُم

أَوَ	لَمۡ	يَرَوۡاْ	أَنَّا	خَلَقۡنَا	لَهُم
اور کیا	نہیں	انہوں نے دیکھا	کہ بیشک ہم نے	پیدا کیے	ان کے لیے
اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اپنے ہاتھوں کی بنائی ہوئی چیزوں میں سے ان کے لیے چوپائے پیدا کر دیئے					

مِّمَّا عَمِلَتۡ أَيۡدِينَآ أَنۡعَٰمًا فَهُمۡ لَهَا

مِّمَّا	عَمِلَتۡ	أَيۡدِينَآ	أَنۡعَٰمًا	فَهُمۡ	لَهَا
ان میں سے جن کو	بنایا	ہمارے ہاتھوں نے	چوپائے ؟	پھر وہ	ان کے
جن کے یہ اب مالک بنے پھرتے ہیں					

مَٰلِكُونَ ٧١ وَذَلَّلۡنَٰهَا لَهُمۡ فَمِنۡهَا رَكُوبُهُمۡ وَمِنۡهَا

مَٰلِكُونَ ٧١	وَذَلَّلۡنَٰهَا	لَهُمۡ	فَمِنۡهَا	رَكُوبُهُمۡ	وَمِنۡهَا
مالک ہیں	اور ہم نے ان کو تابع کر دیا	ان کے لیے	تو کچھ ان میں سے	ان کی سواریاں ہیں	اور کچھ کو ان میں سے
اور ہم نے ان (مویشیوں) کو ان کے تابع کر دیا تو کچھ ان میں سے ان کی سواریاں ہیں					

يَأۡكُلُونَ ٧٢ وَلَهُمۡ فِيهَا مَنَٰفِعُ وَمَشَارِبُۚ أَفَلَا يَشۡكُرُونَ ٧٣

يَأۡكُلُونَ ٧٢	وَلَهُمۡ	فِيهَا	مَنَٰفِعُ	وَمَشَارِبُۚ	أَفَلَا يَشۡكُرُونَ ٧٣
وہ کھاتے ہیں	اور ان کے لیے	ان میں	کئی فائدے ہیں	اور پینے کی چیزیں ہیں	کیا پھر وہ شکر نہیں کرتے ؟
اور کچھ کو ان میں سے وہ کھاتے ہیں اور ان کے لیے ان میں کئی فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں کیا پھر وہ شکر نہیں کرتے ؟					

وَٱتَّخَذُواْ مِن دُونِ ٱللَّهِ ءَالِهَةً لَّعَلَّهُمۡ يُنصَرُونَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسۡتَطِيعُونَ

لَا يَسۡتَطِيعُونَ	يُنصَرُونَ ﴿٧٤﴾	لَّعَلَّهُمۡ	ءَالِهَةً	مِن دُونِ ٱللَّهِ	وَٱتَّخَذُواْ
وہ(معبود)طاقت نہیں رکھتے	مدد کی جائے	تاکہ ان کی	کئی معبود	اللہ کے سوا	اورانہوں نے بنالیے
اورانہوں نے اللہ کے کئی معبود سوابنالیے تاکہ ان کی مدد کی جائے وہ(معبود) ان کی مدد کرنے کی طاقت نہیں رکھتے					

نَصۡرَهُمۡ وَهُمۡ لَهُمۡ جُندٌ مُّحۡضَرُونَ ﴿٧٥﴾

مُّحۡضَرُونَ ﴿٧٥﴾	جُندٌ	لَهُمۡ	وَهُمۡ	نَصۡرَهُمۡ
(جہنم میں)حاضر کیے ہوئے	لشکر(حمایتی)ہیں	خود ان(بتوں)کے	جبکہ وہ(مشرکین)تو	ان کی مدد کرنے کی
بلکہ یہ تو خود ان کے پکڑے ہوئے قیدی ہونگے۔				

فَلَا يَحۡزُنكَ قَوۡلُهُمۡۘ إِنَّا نَعۡلَمُ مَا يُسِرُّونَ

يُسِرُّونَ	مَا	نَعۡلَمُ	إِنَّا	قَوۡلُهُمۡۘ	فَلَا يَحۡزُنكَ
وہ چھپاتے ہیں	جو	جانتے ہیں	بیشک ہم	ان کی بات	لہذا آپ کو غم میں نہ ڈالے
تو(اے نبی ﷺ)ان کی بات آپؐ کو غم میں نہ ڈالے بیشک ہم خوب جانتے ہیں جو وہ چھپاتے اور ظاہر کرتے ہیں۔					

وَمَا يُعۡلِنُونَ ﴿٧٦﴾ أَوَ لَمۡ يَرَ ٱلۡإِنسَٰنُ

ٱلۡإِنسَٰنُ	يَرَ	لَمۡ	أَوَ	يُعۡلِنُونَ ﴿٧٦﴾	وَمَا
انسان نے	دیکھا	نہیں	اور کیا	وہ ظاہر کرتے ہیں	اور جو
تو کیا انسان نے دیکھا نہیں کہ ہم نے اسے بنایا ہے					

أَنَّا خَلَقۡنَٰهُ مِن نُّطۡفَةٖ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٞ

أَنَّا	خَلَقۡنَٰهُ	مِن نُّطۡفَةٖ	فَإِذَا	هُوَ	خَصِيمٞ
کہ بیشک ہم نے	اس کو پیدا کیا	قطرہ منی سے ؟	پھر اچانک (ہو گیا)	وہ	جھگڑنے والا
قطرہ منی سے 'تو اب یہ بن گیا کھلا جھگڑنے والا !					

مُّبِينٞ ٧٧ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلٗا وَنَسِيَ خَلۡقَهُۥۖ

مُّبِينٞ ٧٧	وَضَرَبَ	لَنَا	مَثَلٗا	وَنَسِيَ	خَلۡقَهُۥۖ
کھلم کھلا	اور اس نے بیان کی	ہمارے لیے	ایک مثال	اور وہ بھول گیا	اپنی پیدائش کو
اور اس نے ہمارے لیے ایک مثال بیان کی اور وہ اپنی پیدائش کو بھول گیا					

قَالَ مَن يُحۡيِ ٱلۡعِظَٰمَ وَهِيَ رَمِيمٞ ٧٨

قَالَ	مَن	يُحۡيِ	ٱلۡعِظَٰمَ	وَهِيَ	رَمِيمٞ ٧٨
اس نے کہا	کون	زندہ کرے گا	ہڈیوں کو	جبکہ وہ	گل سڑ چکی ہو نگی؟
اس نے کہا کون ہڈیوں کو زندہ کرے گا جبکہ وہ گل سڑ چکی ہو نگی؟					

قُلۡ يُحۡيِيهَا ٱلَّذِيٓ أَنشَأَهَآ أَوَّلَ مَرَّةٖۖ وَهُوَ

قُلۡ	يُحۡيِيهَا	ٱلَّذِيٓ	أَنشَأَهَآ	أَوَّلَ مَرَّةٖۖ	وَهُوَ
آپؐ کہہ دیجیے	انہیں زندہ کرے گا	وہی (اللہ) جس نے	ان کو پیدا کیا	پہلی بار	اور وہ
آپؐ ﷺ کہہ دیجیے ان کو وہی زندہ کرے گا جس نے ان کو پہلی بار پیدا کیا تھا					

بِكُلِّ خَلۡقٍ عَلِيمٌ ۝٧٩ ٱلَّذِي جَعَلَ لَكُم

بِكُلِّ	خَلۡقٍ	عَلِيمٌ ۝٧٩	ٱلَّذِي	جَعَلَ	لَكُم
ہر طرح کے	پیدا کرنے کو	خوب جانتا ہے	وہ (اللہ) جس نے	بنا دی	تمھارے لیے
اور وہ ہر مخلوق کا مکمل علم رکھنے والا ہے۔ وہ (اللہ) جس نے تمھارے لیے سبز درخت سے آگ پیدا کر دی					

مِّنَ ٱلشَّجَرِ ٱلۡأَخۡضَرِ نَارًا فَإِذَآ أَنتُم مِّنۡهُ تُوقِدُونَ ۝٨٠

مِّنَ ٱلشَّجَرِ ٱلۡأَخۡضَرِ	نَارًا	فَإِذَآ	أَنتُم	مِّنۡهُ	تُوقِدُونَ ۝٨٠
سبز درخت سے	آگ	پھر اچانک	تم	اس سے	آگ جلاتے ہو
تو تم اس سے آگ سلگاتے ہو۔					

أَوَلَيۡسَ ٱلَّذِي خَلَقَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضَ بِقَٰدِرٍ

أَوَ	لَيۡسَ	ٱلَّذِي	خَلَقَ	ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضَ	بِقَٰدِرٍ
اور کیا	نہیں ہے	وہ (اللہ) جس نے	پیدا کیا	آسمانوں اور زمین کو	مکمل قدرت رکھنے والا
تو کیا جس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو 'وہ اس پر قادر نہیں ہے					

عَلَىٰٓ أَن يَخۡلُقَ مِثۡلَهُمۚ بَلَىٰ وَهُوَ

عَلَىٰٓ	أَن	يَخۡلُقَ	مِثۡلَهُمۚ	بَلَىٰ	وَهُوَ
اس پر	کہ	وہ پیدا کر دے	ان کی مثل (اور انسان)؟	کیوں نہیں (وہ اس پر پوری طرح قادر ہے)	اور وہی
کہ ان جیسی مخلوق دوبارہ پیدا کر دے					

ٱلۡخَلَّٰقُ ٱلۡعَلِيمُ ۝٨١ إِنَّمَآ أَمۡرُهُۥٓ إِذَآ أَرَادَ

ٱلۡخَلَّٰقُ	ٱلۡعَلِيمُ ۝٨١	إِنَّمَآ	أَمۡرُهُۥٓ	إِذَآ	أَرَادَ
سب کچھ پیدا کرنے والا	خوب جاننے والا ہے	بس	اس کا حکم	جب	وہ ارادہ کرتا ہے
اور وہی سب کچھ پیدا کرنے والا خوب جاننے والا ہے۔ وہ جب کبھی کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے					

شَيۡـًٔا أَن يَقُولَ لَهُۥ كُن فَيَكُونُ ۝٨٢

شَيۡـًٔا	أَن	يَقُولَ	لَهُۥ	كُن	فَيَكُونُ ۝٨٢
کسی چیز کا	یہ (ہوتا ہے) کہ	وہ کہتا ہے	اس کو	ہو جا	تو وہ ہو جاتی ہے
تو وہ اسے کہتا ہے ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔					

فَسُبۡحَٰنَ ٱلَّذِي بِيَدِهِۦ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيۡءٖ

فَسُبۡحَٰنَ	ٱلَّذِي	بِيَدِهِۦ	مَلَكُوتُ	كُلِّ شَيۡءٖ
سو پاک ہے	وہ (اللہ) کہ	جس کے ہاتھ میں ہے	مکمل بادشاہی	ہر ایک چیز کی
تو بڑی بابرکت ہے وہ ذات جس کے قبضہ قدرت میں ہر شے کا اختیار ہے				

وَإِلَيۡهِ تُرۡجَعُونَ ۝٨٣

وَإِلَيۡهِ	تُرۡجَعُونَ ۝٨٣
اور اسی کی طرف	تم سب لوٹائے جاؤ گے
اور اسی کی طرف تم سب لوٹائے جاؤ گے۔	

For updates, suggestions and/or comments please contact us on the following:

- Mohammad Abdur Rasheed
  - Mobile + Whatsapp: +1 (647) 462-7454
  - Email: mohammadrasheed97@gmail.com
- Jad Ul Haque
  - Mobile + Whatsapp: +1(343)6332211
  - Telegram: @jadulhaque
  - Email: jadulhaque@gmail.com
- Azka Abdur Rasheed
  - Email: azka.a.rasheed@gmail.com
- For other documents (surahs and duas) please visit the following link: https://archive.org/details/@shehla_rani